## جوعناصر بے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں وہ اسلامی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی کررہے ہیں، الطاف حسین

## مانسہرہ میں تھانہ سٹی اور بالاکوٹ میں پولیس اسٹیشن پر ہونے والے خودکش حملوں کی مذمت

لندن۔۔۔20،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مانسہرہ میں تھانہ سٹی اور بالاکوٹ میں پولیس اسٹیشن پر ہونے والے خودکش حملوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور خودکش حملوں میں ایس ایچ او سمیت پولیس اہلکاروں کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کے عفریت نے ملک کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے اور خودکش حملوں میں بے گناہ افراد کی ہلاکتیں کسی طرح بھی اسلامی تعلیمات کا حصہ قرار نہیں دی جاسکتیں۔انہوں نے کہا کہ دین اسلام ایک دوسرے کی جان و مال کے تحفظ کا درس دیتا ہے اور جوعناصر بے گناہ شہریوں کو اپنی دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں وہ اسلامی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی کررہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ مانسہرہ تھانہ سٹی اور بالاکوٹ میں پولیس اسٹیشن پر ہونے والے خودکش حملوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے مئوثر اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے خودکش دھماکوں میں شہید ہونے والے ایس ایچ او سمیت پولیس اہلکاروں کی شہادت پر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## اے پی ایم ایس او کے چیئرمین وحیدالزماں کی والدہ محترمہ کو سپرد خاک کردیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی،حق پرست وزراء،ارکان اسمبلی،ٹاؤن ناظمین، پروفیسرز،اساتذہ کرام اور طلبہ کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔20،فروری2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وحیدالزماں کی والدہ محترمہ فیض النساء علالت کے باعث انتقال کرگئیں۔مرحومہ کی عمر68 سال تھی اور ان کے سوگواران میں 5 بیٹے اور 7 بیٹیاں شامل ہیں۔مرحومہ کو نارتھ کراچی میں واقع محمد شاہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا اور مرحومہ کی نماز جنازہ نعمانیہ مسجد سیکٹر C3-11 نارتھ کراچی میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم تاجک،رضاہارون،حق پرست صوبائی وزراء عبدالحسیب، وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر خواجہ اظہارالحسن، حق پرست رکن سندھ اسمبلی معین خان، حق پرست ٹاؤن ناظمین ممتاز حمید، اختر حسین، وائس چانسلر جامعہ کراچی ڈاکٹر پیرزادہ قاسم صدیقی، رجسٹرار جامعہ کراچی رئیس علوی، جامعہ کراچی اور تعلیمی اداروں کے اساتذہ اکرام، طلبہ، اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے اراکین، کارکنان، ہمدردوں، سندھ ٹیچرز فورم کے ذمہ داران اور مرحومہ کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## اے پی ایم ایس او کے چیئرمین وحیدالزماں کی والدہ محترمہ،ایم کیوایم ناظم آباد سیکٹر کے کارکن محمد اسلم اور گھوٹکی زون کے کارکن بشیراحمد ملک کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وحیدالزماں کی والدہ محترمہ فیض النساء، ایم کیوایم ناظم آباد دگلبہار سیکٹر یونٹ170 کے کارکن محمد اسلم اور ایم کیوایم گھوٹکی زون یونٹ میرپور ماتھیلو کے کارکن بشیراحمد ملک کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم گھوٹکی زون میر پور ماتھیلو کے یونٹ انچارج بشیر احمد ملک کے قتل کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔20،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گھوٹکی زون میر پور ماتھیلو کے یونٹ انچارج بشیر احمد ملک کو مسلح موٹر سائیکل سوار افراد کی جانب فائرنگ کر کے شہید کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ بشیر احمد ملک کے قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے بشیر احمد شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بشیر احمد ملک گزشتہ روز اپنے کام سے فارغ ہوکر گھر واپس جارہے تھے کہ راستہ میں دوموٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے انہیں گولیاں مار کر شہید کر دیا اور فرار ہوگئے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ گھوٹکی میں مسلح موٹر سائیکل سوار افراد کی جانب سے ایم کیوایم کے کارکن بشیر احمد ملک کو فائرنگ کا نشانہ بنا کر شہید کرنے کا نوٹس لیا جائے اور قتل میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق سزا دی جائے۔

## اے پی ایم ایس او کے چیئرمین اور ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وحیدالزماں کی والدہ محترمہ فیض النساء،ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 170 کے کارکن محمد اسلم، ایم کیوایم گھوٹکی زون کے کارکن بشیر احمد ملک ،ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 177 کے کارکن نسیم کی والدہ محترمہ آمنہ خاتون ،ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 52 کے کارکن نصیر احمد کے والد رشید احمد،ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ B-112 کے کارکن محمد حنیف کے والد دلدار شاہ،ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 106 کے کارکن محمد شکیل کلیم کی والدہ محترمہ ذکرالنساء،ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ یوسی 3 کے کارکن اصغر علی کی والدہ محترمہ حاجرہ بی بی اور ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 64 کے کارکن راشدالدین کی والدہ محترمہ شکیلہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## اے پی ایم ایس او طلبہ میں تعلیمی اور غیر نصابی سرگرمیوں کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کر رہی ہے، خواجہ اظہار الحسن
## وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست صوبائی مشیر کا اے پی ایم ایس او کے تحت پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی:۔۔۔19فروری2010ء

وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن نے کہا ہے کہ معاشرے کی ترقی میں طلبہ اہم کردار ادا کرتے ہیں اور اے پی ایم ایس او طلبہ میں تعلیمی اور غیر نصابی سرگرمیوں کیلئے مثبت کردار ادا کر رہی ہے۔یہ بات انہوں نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیکٹر سی کے زیراہتمام پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے رکن فرحان شمس سمیت سیکٹر آرگنائزر واراکین سیکٹر کمیٹی ویونٹس کمیٹیز کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔قبل ازیں وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن نے اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے رکن فرحان شمس کے ہمراہ کرکٹ ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔اس ٹورنامنٹ میں مختلف کالجوں کی 36 ٹیموں نے حصہ لیا ہے اور ٹورنامنٹ کے میچز کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جو کہ انو بھائی پارک، جناح سائنس کالج گراؤنڈ ،جی ایم آئی گراؤنڈ میں کھیلے جائینگے۔پہلے روز کے اختتام پر ٹورنامنٹ کے تیس میچ کھیلے گئے ہیں جسمیں مختلف کالجز کی ٹیمیں شامل ہیں اور اس ٹورنامنٹ کا فائنل میچ انو بھائی پارک ناظم آباد میں کھیلا جائے گا۔افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ اظہار الحسن نے کہا کہ اے پی ایم ایس او ایک درسگاہ ہے جہاں پر طلبہ حصول علم کیلئے آتے ہیں اور تعلیم کے فروغ کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرتے ہیں نصابی وغیر نصابی سرگرمیاں معاشرے میں طلبہ کیلئے صحت مندانہ کردار ادا کرتی ہیں،اے پی ایم ایس او کی جانب سے مثبت کاوشوں کا سلسلہ قابلِ تعریف ہے۔انہوں نے کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد پر اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ اور سیکٹر کمیٹی ویونٹس کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان کو مبارکباد بھی پیش کی -افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے رکن فرحان شمس نے کہا کہ اے پی ایم ایس او بنیاد ہے اور اے پی ایم ایس او کے کارکنان کا بنیادی کام ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین بھائی کے پیغام کو طلبہ میں عام کریں یہی وجہ ہے کہ اے پی ایم ایس او اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے نصابی وغیر نصابی

سرگرمیاں انجام دے رہی جو کہ طلبہ سے ذہنی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے اہم کردار ادا کرینگی۔ پیغام امن ٹورنامنٹ کے انعقاد پر انہوں نے سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران و یونٹس کمیٹیز کے ذمہ داران و کارکنان کو مبارکباد پیش کی جنھوں نے پرُ امن طریقے سے اس ٹورنامنٹ کے انعقاد کو یقینی بنایا۔

## ایم کیوایم لاہور کا پاکستان ایسوسی ایشن آف پریس فوٹو گرافر کے سینئر ممبر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے

لاہور۔۔۔20فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زونل کمیٹی ، لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی ، لاہور ریذیڈنس کمیٹی اور متحدہ لائرز فورم کا پاکستان ایسوسی ایشن آف پریس فوٹو گرافر کے سینئر ممبر اور چیف فوٹو گرافر امت اخبار کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا ظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ، اور سوگوران کو صبر جمیل عطا کریں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا کا لوئر پنجاب زون کا دورہ

ملتان۔۔۔20،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے لوئر پنجاب زون کا دورہ کیا اور تنظیمی کام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر زونل انچارج کرامت علی شیخ، جوائنٹ انچارج جاوید چیمہ، زونل اراکین عمر علی آغا، شہزاد گورچانی، راؤ محمد خالد، شمشیر جمال ہاشمی سمیت دیگر کارکنان بھی موجود تھے۔ دورے کے موقع پر زونل انچارج کرامت علی شیخ نے رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا کو تنظیمی کاموں کی رپورٹ پیش کی اور بتایا کہ آئندہ چند دنوں میں تحصیل کی سطح پر تنظیم سازی مکمل کر لی جائے گی اور زون میں تنظیم سازی کا تیسرا مرحلہ مکمل کر لیا جائے گا۔ افتخار اکبر رندھاوا نے لوئر پنجاب زون کے تنظیمی کام کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اس پر اطمیان کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم ڈسٹرکٹ قصور کے جوائنٹ انچارج ڈکیتی کے دوران شدید زخمی

لاہور۔۔۔20فروری2010ء

ایم کیو ایم ڈسٹرکٹ قصور کے جوائنٹ انچارج شکیل مصطفائی بھائی نیوڈرائی پورٹ کوٹ رادھا کشن میں ڈکیتی کی واردات میں مزاحمت کے دوران ٹانگ میں گولی لگنے سے شدید زخمی ہو گئے، جنہیں فوری طور پر جناح ہسپتال لاہور میں داخل کروا دیا گیا۔ لاہور زونل کمیٹی کی طرف سے رانا یونس بھائی، مبین الدین قاضی ایڈوکیٹ، سید شاہین انور گیلانی، ڈاکٹر ایم آر رحمٰن رانا، عبدالستار، سید طارق نظام گیلانی، ڈسٹرکٹ لاہور سے سید کاشف خورشید اور ڈسٹرکٹ شیخوپورہ کی جانب سے منور ورک ایڈوکیٹ نے شکیل مصطفائی کی عیادت کی۔

## عوام، سینئر صحافی بدر زیدی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کریں، ایم کیوایم لوئر پنجاب زون
## ایم کیوایم لوئر پنجاب زون کے اراکین نے بدر زیدی کی عیادت کی اور خیریت دریافت کی

ملتان۔۔۔20،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لوئر پنجاب زون کے انچارج کرامت علی شیخ اور اراکین زونل کمیٹی نے ملتان کے سینئر صحافی بدر زیدی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ بدر زیدی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔ دریں اثناء ایم کیوایم لوئر پنجاب زونل کمیٹی کے اراکین نے بدر زیدی کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی اس موقع پر انہوں نے بدر زیدی کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## شکار پور کے تھانے میں خواتین کو بند کر کے تشدد کا نشانہ بنانا مہذب معاشرے کی نشانی نہیں ہے، نادیہ گبول
## ملوث اہلکاروں کے سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے

کراچی۔۔۔20،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست صوبائی وزیر محترمہ نادیہ گبول نے شکار پور کے تھانے میں 10 خواتین کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ کوخواتین کے بنیادی حقوق کی کھلی پامالی قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں نادیہ گبول نے کہا کہ خواتین کوتھانے میں بند کر کے تشدد کا نشانہ بنانا کسی بھی مہذب معاشرے کی نشانی نہیں ہے اوراس افسوسناک واقعہ سے ثابت ہوگیا ہے کہ خواتین کے تحفظ کیلئے اسمبلیوں میں منظور کرائے جانے والے بلوں کی قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کی نظروں میں کوئی اہمیت نہیں ہے۔نادیہ گبول نے گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباداور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شکار پور میں خواتین کوتشدد کا نشانہ بنانے میں ملوث اہلکاروں کے سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے اورانہیں قانون کے مطابق سخت سے سخت ترین سزادی جائے۔

## ملیر یوسی 6 غریب آباد کے رہائشی خاصخیلی اورلاسی شیدی برادری کے بزرگوں اورنوجوانوں کی ایم کیوایم میں شمولیت

کراچی۔۔۔20،فروری2010ء

ملیر یوسی6 کے خاصخیلی برادری اورلاسی شیدی برادری کے معززین بزرگ اورنوجوانوں نے ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کے فکروفلسفے پرمکمل اعتماداورایم کیوایم کی پالیسیوں سے متاثر ہوکرمتحدہ قومی موومنٹ میں غیرمشروط طور پرشمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روزاولڈملیرسیکٹر میں کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدرا ورر کن سیدمعین الدین سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پراولڈملیرسیکٹرکمیٹی ویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیارکرنیوالےمعززین نے اظہارخیال کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھرکےعوام یہ بات تسلیم کرچکے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی وہ واحد جماعت ہے جوعوام سےمخلص ہےاوران کے مسائل حل کرنے کی پوری صلاحیت رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ دوفیصد مراعات یافتہ طبقے کےافراد نے ملک پر62 سالوں سے قبضہ کرر کھا ہے تاہم ملک سےفرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے جاری ایم کیوایم کی عملی جدوجہدایک دن ضروررنگ لائے گی اور ملک سےفرسودہ نظام کا خاتمہ ممکن ہوگا۔اس موقع پرمضافاتی کمیٹی کے ذمہ داران نے خاصخیلی اورلاسی شیدی برادریوں کےافرادکاایم کیوایم میں خیرمقدم کیااورانہیں شمولیت اختیارکرنے پرقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سےمبارکباد پیش کی۔

## مقامی اخبار کے سینئرفوٹوگرافرسعیدخان کے انتقال پررابطہ کمیٹی کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔20،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقامی اخبار کےسینئرفوٹوگرافرسعیدخان کے انتقال پرافسوس اوردکھ کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کےصاحبزادے اورمقامی ٹی وی چینیل کے کیمرہ مین قاسم خان سمیت دیگرلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہےاورمرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی ہے۔

## وحیدالزماں سے اے پی ایم ایس او کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔20،فروری2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے اے پی ایم ایس او کے چیئرمین وحیدالزماں کی والدہ محترمہ فیض النساء کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے وحیدالزماں سمیت مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆